HM Government

ہمارا نظام اعزازات

لیروئے روزینیئر (MBE)
کھیل کے میدان میں امتیازی سلوک سے نمٹنے کے صلہ میں

آپ اعزازی نظام کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کے لئے درج ذیل ویب سائٹ دیکھ سکتے ہیں:

www.gov.uk/honours

اعزازات اور تقرریوں کے سیکریٹریٹ سے یہاں رابطہ کریں:

سیکریٹریٹ برائے اعزازات وتقرری
1 ہارس گارڈز روڈ، لندن SW1A 2AQ

ای میل: honours@cabinetoffice.gov.uk

ٹیلیفون نمبر: 020 7276 2777

دل انگیز شخص کے لئے حیرت انگیز عمل کریں

اعزازات درج ذیل افراد کے لئے ہیں...

- جن لوگوں نے حقیقی اثر چھوڑا ہے؛
- انتہائی مستقل مزاجی کے ساتھ بے لوث رضاکارانہ خدمات انجام دینے کی ایک مثال قائم کی ہے؛
- اپنے ساتھیوں کا احترام حاصل کیا ہے؛
- حالات، خاص طور پر معذورین اشخاص کے لئے، کو بہتر بنایا ہے؛
- اخلاقی جرات کا مظاہرہ کیا ہے؛
- جدت یا کاروباری صلاحیت کا مظاہرہ کیا ہے؛ یا
- برطانوی زندگی کو ممتاز بنایا ہے اور اس کی شہرت میں اضافہ کیا ہے۔

الزبتھ ایٹیر-رابرٹس (OBE)
عمر دراز افراد کے لئے خصوصی نرس، لندن میں صحت کی نگہداشت سے متعلق خدمات کے لئے

نامزد کیسے کریں؟

یہ آپ کی سوچ سے بھی زیادہ آسان ہے۔ آپ کو نامزدگی لکھنے کے طریقے، اعزازی نظام کے بارے میں معلومات اور آن لائن نامزدگی فارم کے بارے میں **www.gov.uk/honours**پر رہنمائی ملے گی۔ آپ ٹیم سے بھی براہ راست رابطہ کرسکتے ہیں، ہم آپ کو طریقہ سمجھا سکتے ہیں یا نامزدگی فارم کا کاغذی نسخہ آپ کو بھیج سکتے ہیں۔

اپنی نامزدگی میں، بیان کریں کہ آپ کے امیدوار کی کامیابیوں کے بارے میں کیا چیز خصوصیت کی حامل ہے اور یہ بتائیں کہ ان کا کیا اثر پڑا ہے اور وہ دوسروں سے کیسے مختلف ہیں۔ بہترین نامزدگیوں سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ فرد نے کس طرح رکاوٹوں کو دور کیا یا اضافی محنت صرف کی۔

ہر نامزدگی کے لئے دو یا زیادہ حمایتی خطوط کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ ان لوگوں کے ذریعہ لکھے ہونے چاہئیں جو نامزد شخص کو جانتے ہوں اور ان کے تعاون کی توثیق کر سکتے ہوں۔

ایوارڈز کی نوعیت کیا ہے؟

آزاد اور خصوصی اعزازی کمیٹیاں یہ فیصلہ کرتی ہیں کہ کون سا ایوارڈ مناسب ہے۔ برطانوی سلطنت کے تمغے سے متعلق درجات ذیل میں مذکور ہیں:

- **برطانوی سلطنت کا میڈل (BEM)** – یہ میڈل مقامی جغرافیائی علاقے میں کمیونٹی کو انتہائی 'عملی' خدمت کے لئے دیا جاتا ہے؛
- **برطانوی سلطنت کا ممبر (MBE)** – اس کمیونٹی کے کارنامے یا خدمات کو تسلیم کرنا جس نے اپنا مستقل اثر چھوڑا ہے اور جو دوسروں کے لئے ایک مثال کی حیثیت رکھتا ہو؛
- **برطانوی سلطنت کا افسر (OBE)** – یہ ان لوگوں کے لئے جنہوں نے کسی بھی شعبے میں ممتاز علاقائی یا ضلعی سطح پر وسیع کردار ادا کیا ہے؛
- **برطانوی سلطنت کا کمانڈر (CBE)** – یہ ایک ممتاز قومی یا علاقائی کردار کے لئے ہے؛ اور
- **ڈیم یا نائٹ** – یہ ان لوگوں کے لئے ہے جنہوں نے عام طور پر قومی سطح پر کسی بھی شعبے میں نمایاں تعاون پیش کیا ہے۔

فیصلہ کون کرتا ہے؟

ایک بار جب آپ اپنی نامزدگی کر لیتے ہیں تو تمام معلومات کی جانچ پڑتال کی جاتی ہے اور ان لوگوں سے رائے طلب کی جاتی ہے جو نامزد شخص یا ان کی سرگرمی کے میدان عمل سے واقف ہیں۔

غور وخوض کے لئے 10 آزاد اور خصوصی اعزازی کمیٹیوں میں سے ایک کا حوالہ تیار کیا جاتا ہے۔

یہ کمیٹیاں آزاد ماہرین پر مشتمل ہوتی ہیں اور اس میں کمیونٹی، رضاکارانہ اور عوامی خدمت؛ آرٹس اور میڈیا؛ کھیل؛ صحت؛ تعلیم؛ سائنس اور ٹیکنالوجی؛ معیشت؛ اور سیاست شامل ہیں. ہر کمیٹی فیصلہ کرتی ہے کہ کون سے قابل ترین امیدوار ہیں اور اپنی سفارشات ایک ایسی مرکزی کمیٹی کے سپرد کرتی ہے جو سول سروس کے صدر کی قیادت میں کام کرتی ہے۔ اس کے بعد وہ وزیر اعظم کے لئے حتمی فہرست تیار کرتے ہیں جسے وہ صاحبہ جاہ وجلال ملکہ کی منظوری کے لئے پیش کرتا ہے۔

نامزدگی کی تاریخ سے اعزازی فہرست میں کسی کامیاب امیدوار کا نام درج ہونے میں عام طور پر ایک سال کا عرصہ لگ جاتا ہے۔ حقائق کی جانچ کرنے اور دوسروں کے تاثرات لینے کے لئے وقت لگتا ہے۔

بہت سارے ایسے **غیر معروف ہیرو ہیں**جو اعزاز کے مستحق ہیں - لیکن ان کی نامزدگی**کے لئے کسی کی ضرورت ہے۔**

#آج ہی نامزد کریں